Human Resources Administration
Department of Social Services
Family Independence Administration

# نگہداشت طفل کے بارے میں اہم معلومات (Urdu)

یہ نوٹس نگہداشت طفل کی تلاش کرتے ہوئے آپ کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے تاکہ آپ HRA کے ورک رولز میں شرکت کر سکیں۔

***جاب سنٹر کو اطلاع دیتے وقت مجھے کس چیز کی توقع کرنی چاہیے؟***

- آپ کے کارکن کے ساتھ انٹرویو کے 15 دنوں کے بعد آپ ایک اپائنٹمنٹ کے لیے واپس آئیں گے۔ 15 دنوں کے اندر آپ کو نگہداشت طفل فراہم کنندہ کو تلاش کر لینا ضروری ہے۔
- اگر آپ 15 دنوں کے اندر نگہداشت طفل تلاش نہیں کر پاتے ہیں تو، آپ کو مزید وقت دیا جا سکتا ہے۔ اگر نگہداشت طفل تلاش کرنے کے لیے آپ کو مزید وقت درکار ہو تو اپنی اگلی اپائنٹمنٹ پر آپ کو اپنے کارکن کو بتا دینا چاہیے۔

## آپ کے حقوق

آپ کو **حق حاصل ہے کہ**:

- اپنا نگہداشت طفل فراہم کنندہ **منتخب کریں۔** یہ فراہم کنندہ لائسنس یافتہ یا منضبط، رشتہ دار، دوست یا بھروسہ مند پڑوسی ہو سکتا ہے۔
- **اپنے بچے کو ایک ایسے فراہم کنندہ کے پاس رکھیں جو "مناسب، قابل رسائی، موزوں اور حسب مقدور"ہو۔**

| | |
|---|---|
| ***مناسب:*** | **فراہم کنندہ ان اوقات کے دوران کھلا رہتا ہے جب آپ کو اپنے کام کی سرگرمی انجام دینی ہوتی ہے۔** اگر آپ کے بچے کو خصوصی ضروریات درپیش ہوں تو فراہم کنندہ ان خصوصی ضروریات کا خیال رکھنے کا خواہاں اور اہل ہو۔ |
| ***قابل رسائی:*** | **آپ بس، ٹرین یا کار کے ذریعہ فراہم کنندہ کے پاس پہنچ سکیں** اور فراہم کنندہ ایک معقول دوری کے اندر واقع ہو۔ معقول دوری کا مطلب یہ ہے کہ آپ گھر سے اس فراہم کنندہ کے پاس اور پھر دفتر تک *ایک گھنٹے 15 منٹ* کے *اندر* جا سکیں۔ |
| ***موزوں:*** | **فراہم کنندہ اور ادارہ ایسے معیارات پر پورا اترتا ہو جس کے خواہاں کوئی والدین اپنے بچے کے لیے ہو سکتے ہوں۔** فراہم کنندہ کی جسمانی اور ذہنی کیفیت اور یومیہ نگہداشت مرکز یا گھر کی طبعی کیفیت سے بچہ (بچوں) کو مضرت لاحق نہیں ہوگی یا وہ خطرے میں مبتلا نہیں ہوں گے۔ |
| ***حسب مقدور:*** | **اگر آپ کو نگہداشت طفل کی لاگت کے حصے کی ادائیگی کرنے کی ضرورت ہو تو آپ کے پاس اس کے لیے کافی رقم ہو۔** اگر HRA آپ کے نگہداشت طفل کو منظور کرتا ہے تو آپ کو ادائیگی نہیں کرنی ہوگی الّا یہ کہ آپ کا منتخب کردہ فراہم کنندہ ریاست کے ذریعہ طے کردہ مارکیٹ ریٹ سے زیادہ چارج کرے۔ اگر فراہم کنندہ اس سے زیادہ چارج کرتا ہے جتنے کی ادائیگی کی HRA نے اجازت دی ہے تو وہ تفریق آپ کو ادا کرنا ضروری ہے۔ |

آپ کو یہ بھی **حق حاصل ہے کہ**:

- اپنے کارکن سے **مدد حاصل کریں۔** اگر آپ اپنے طور پر نگہداشت طفل تلاش نہیں کر سکتے ہیں تو آپ کے کارکن کے لیے آپ کو کم از کم **نگہداشت طفل فراہم کنندگان کے دو انتخاب** فراہم کرنا ضروری ہے۔ ان میں سے کم از کم ایک لائسنس یافتہ یا نیو یارک ریاست میں یا نیو یارک سٹی محکمہ صحت (New York City Department of Health) میں رجسٹرڈ ہو۔
- جس فراہم کنندہ سے آپ مطمئن نہ ہوں اسے قبول کرنے کا **دباؤ محسوس نہ کریں۔**
- اگر آپ کے پاس 13 سال سے کم عمر کا بچہ ہو اور مذکورہ بالا معیارات پر پورا اترنے والا فراہم کنندہ تلاش نہ کر پائیں تو **آپ کو اپنی عملی سرگرمی پر جانا ضروری نہ ہو** اگر HRA اس امر سے اتفاق کرتا ہے کہ کوئی قابل قبول نگہداشت دستیاب نہیں ہے تو آپ کو **90 دنوں تک** رخصت یافتہ سمجھا جا سکتا ہے۔ جتنی مدت تک آپ رخصت یافتہ ہوں اتنی مدت کے دوران آپ کو نگہداشت طفل تلاش کرتے رہنا ضروری ہے۔ رخصت یافتہ مدت ختم ہو جانے پر، اپنی نگہداشت طفل کی صورتحال ہمیں بتانے کے لیے ایک بار پھر آپ کو کال کیا جائے گا۔ اگر آپ نے ایسی نگہداشت طفل تلاش کرنے کی **مخلصانہ کوشش** کی ہو جو معیارات پر پورا اترتا ہو لیکن آپ اب بھی نگہداشت طفل حاصل کرپانے سے قاصر ہوں تو آپ رخصت یافتہ رہ سکتے ہیں۔
- نگہداشت طفل کی اعانت میں کسی تبدیلی کی بابت **بروقت اور معقول نوٹس موصول ہو** جیسے نگہداشت طفل فراہم کنندگان کا اختتام یا اس میں کوئی ایسی تبدیلی جو آپ کو اسے تبدیل کرنے پر مجبور کر رہی ہو۔ اگر HRA کو فراہم کنندہ یا فسیلیٹی کے بارے میں کوئی ایسی بات معلوم ہوتی ہے جو اس فسیلیٹی میں موجود بچوں کی صحت و سلامتی کو خطرے میں ڈال سکتی ہو تو نگہداشت طفل فوری طور پر ختم ہو سکتی ہے اور آپ کو دوسرا فراہم کنندہ تلاش کرنا ضروری ہے۔
- نگہداشت طفل نہیں ہونے کے سبب عملی سرگرمیوں پر نہیں جانے کے مدنظر نقد اعانت (Cash Assistance) کم یا ختم کرنے کے ایجنسی کے فیصلے کو چیلنج کرنے کے لیے **منصفانہ سماعت کی درخواست کریں۔**
- عملی سرگرمیوں کے آپ کے تعمیل نہیں کر پانے کی وجہ سے نگہداشت طفل ختم کرنے کے ایجنسی کے فیصلے کو چیلنج کرنے کے لیے **منصفانہ سماعت کی درخواست کریں۔**

## آپ کی ذمہ داریاں

**یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کو HRA سے نگہداشت طفل میں اعانت ملتی ہے یا ملتی رہتی ہے ، آپ پر یہ ذمہ داری عائد ہے کہ:**

- **سبھی اپائنٹمنٹس میں حاضر ہوں۔** اگر آپ اب بھی نگہداشت طفل فراہم کنندہ تلاش کر رہے ہیں تو، اپنی اگلی مقررہ اپائنٹمنٹ پر اپنے کارکن کو بتائیں کہ ایک تلاش کرنے کے لیے آپ کو مزید وقت درکار ہے۔
- اپنے کارکن یا دیگر پروگراموں کے ذریعہ آپ کو دیے گئے ان **سبھی حوالوں پر فالو اپ کریں** جو ایک فراہم کنندہ تلاش کرنے میں آپ کی مدد کر رہے ہوں۔
  - ➢ ان سبھی فراہم کنندگان کو جن کا آپ کو حوالہ دیا گیا ہے تب تک کال کریں یا ان سے ملیں جب تک آپ ایسا فراہم کنندہ منتخب نہ کر لیں جو مناسب، قابل رسائی، موزوں اور حسب مقدور ہو۔
  - ➢ جس فراہم کنندہ کے پاس بھی آپ جائیں اس کے بارے میں نوٹس لیں تاکہ آپ کے بچے کے لیے جو فراہم کنندہ اور نگہداشت طفل کی سہولت درست ہے اس کا انتخاب کرتے وقت ایک *باخبر فیصلہ* کر سکیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ جن فراہم کنندگان کے پاس آپ گئے ہیں ان میں سے کوئی بھی بالکل فٹ نہیں ہے تو، آپ کو ہمیں اس ضمن میں *درست وجوہات* فراہم کرنی ہوں گی کہ آپ نے اس فراہم کنندہ کا انتخاب کیوں نہیں کیا۔ آپ کو جن فراہم کنندگان کا حوالہ دیا ہے اگر ان سبھی سے آپ نے مل لیا ہے اور اب بھی نگہداشت طفل فراہم کنندہ تلاش نہیں کر سکے تو آپ کو دوسرا فراہم کنندہ تلاش کرنے کے لیے مزید وقت دیا جائے گا۔
- **اپنے کارکن کو اپنی پیشرفت سے باخبر رکھیں۔**
- **نگہداشت طفل فراہم کنندہ کی تلاش جاری رکھیں** اور سبھی حوالوں پر فالو اپ کریں چاہے نگہداشت طفل کی کمی کے سبب آپ کو فی الحال عملی سرگرمیوں سے رخصت ملی ہو۔ یہ مستقل عذر نہیں ہے۔
- **اگر آپ اپنا نگہداشت طفل فراہم کنندہ تبدیل کرتے ہیں تو اپنے کارکن کو فوراً مطلع کریں۔**

**فراہم کنندہ کا انتخاب کرتے وقت، خود سے یہ اہم سوالات پوچھیں:**

- *کیا مجھے اپنے بچے کو اس مقام پر اس شخص یا یومیہ نگہداشت فراہم کنندہ کے ساتھ چھوڑ کر جانے میں محفوظ ہونے کا احساس ہوگا؟*
- *کیا بچے ہمہ وقت بالغ فرد کی نگرانی میں ہیں؟*
- *ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے صحت و سلامتی کی پالیسیاں اور طریق کار کیا ہیں؟*
- *کیا نگہداشت طفل کی سہولت صاف ستھری نظر آتی ہے؟*
- *کیا نگہداشت طفل فراہم کنندہ مجھے درکار خدمات اس وقت فراہم کرتا ہے جس وقت مجھے ان کی ضرورت ہو؟*
- *کیا میں معقول وقت اور مسافت کے اندر یومیہ نگہداشت صحت مرکز تک آمدورفت کر سکتا ہوں؟*

آپ کو نگہداشت طفل فراہم کنندہ تلاش کرنے کے طریقے کی بابت **معلومات کا حق** ہے۔ کئی قسم کے ایسے وسائل دستیاب ہیں جو نگہداشت طفل تلاش کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں:

- *ACS ڈویژن آف چائلڈ کیئر (ACS Division of Child Care) اور ہیڈ اسٹارٹ (Head Start):* **311** پر کال کریں
- *چائلڈ کیئر ریسورس اینڈ ریفرل کنسورشیم (Child Care Resource and Referral Consortium, CCRRC):*
**(888) 469-5999 پر کال کریں**
- *DOHMH کا فیملی ڈے کیئر رجسٹریشن آفس (Family Day Care Registration Office):*

**(646) 632-6100** پر کال کریں یا

ملاحظہ کریں: **https://a816-healthpsi.nyc.gov/ChildCare/ChildCareList.do**

- *ریسورسز فار چلڈرن ود اسپیشل نیڈز(Resources for Children with Special Needs):* **(212) 677-4650** یا **(212) 677-4660** پر کال کریں
- *ارلی لرن این وائی سی (EarlyLearn NYC)*: ملاحظہ کریں
**http://www.nyc.gov/html/acs/html/child_care/for_parents.shtml**
- *HRA چائلڈ کیئر (HRA Child Care)*: ملاحظہ کریں
**http://nyc-csg-web.csc.nycnet/site/hra/help/childcare.page**

(زپ کوڈ اندراج کریں اور اور ایک رینج منتخب کریں)

آپ اپنے کارکن سے بھی اپنے زپ کوڈ میں آنے والے فراہم کنندگان کے نام، پتے اور ٹیلیفون نمبروں کی فہرست حاصل کر سکتے ہیں۔

| نگہداشت طفل کی قسمیں | |
|---|---|
| **منضبط نگہداشت طفل:** مزید معلومات کے لیے **CCRRC** کو **888-469-5999** پر کال کریں | |
| ایک منضبط نگہداشت طفل فراہم کننده محکمہ صحت اور حفظان ذہنی صحت سے لائسنس یافتہ یا رجسٹرڈ ہوتا ہے اور صحت، آتش زدگی اور عمارتی ضوابط کی تعمیل کرتا ہے۔ ان کے ملازمین کو طبی، کردار اور مجرمانہ پس منظر کی جانچوں میں پاس کرنا ضروری ہے | |
| **فیملی چائلڈ کیئر:** | فراہم کننده کے گھر میں چھ تک بچوں (فراہم کننده کے اپنے بچوں سمیت) کے لیے نگہداشت فراہم کی جاتی ہے۔ دو سال سے کم عمر کے دو سے زیادہ بچوں کی اجازت نہیں ہے۔ بہت سارے تو 13 سال تک کی عمر کے بچوں کے لیے نگہداشت طفل فراہم کرتے ہیں۔ |
| **گروپ فیملی چائلڈ کیئر:** | فراہم کننده کے گھر میں 12 تک بچوں کی نگہداشت کر رہے دو فراہم کنندگان۔ |
| **ارلی لرن چائلڈ کیئر سنٹرز:** | پورے سال ACS کے معاہدہ بند نگہداشت طفل کے مراکز جہاں اساتذہ اور دیگر تربیت یافتہ عملہ کلاس روم کےماحول میں نگہداشت فراہم کرتا ہے۔ ہر پروگرام میں اسکول کے لیے آمادگی کی ترغیب دینے اور جسمانی، سماجی اور جذباتی لحاظ سے نشوونما پانے میں بچوں کی مدد کرنے کے لیے ایک تعلیمی جزء موجود ہے۔ |
| **بچے کی نشوونما کے پروگرام:** مزید معلومات کے لیے **311** پر کال کریں | |
| **ہیڈ اسٹارٹ (Head Start):** | بچے کی نشوونما کا پروگرام جو 3-5 سال کی عمر کے بچوں کی خدمت انجام دیتا ہے اور اسکول کے لیے بچے کو تیار کرنے کے لیے سرگرمیاں اور تعلیمی پروگرام پیش کرتا ہے۔ |
| **یونیورسل پری کنڈر گارٹن (Universal Pre-Kindergarten, UPK):** | محکمہ تعلیم کا ایک پروگرام جو بچے کی مثبت ابتدائی نشوونما کو فروغ دینے کے لیے پروان چڑھانے والا اور تعلیمی ماحول فراہم کرتا ہے۔ والدین کسی سرکاری اسکول یا کمیونٹی پر مبنی ماحول میں UPK پروگرام کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ |
| **کمپاس این وائی سی (Compass NYC):** | نوجوانوں کے لیے پروگرام جو تعلیمی تعاون، کھیل کود اور تفریحی سرگرمیوں نیز فنون اور ثقافتی تجربات کا قدرے مشترک اسکول کے بعد کے اوقات میں، اواخر ہفتہ کو اور اسکولی چھٹیوں کے دوران بلا معاوضہ فراہم کرتا ہے۔ سرمائی پروگرام کی معلومات کے لیے DYCD کے یوتھ کنیکٹ (Youth Connect) کو **1-800-246-4646** پر کال کریں۔ |
| **غیر رسمی/قانونی طور پر مستثنی فراہم کنندگان** | |
| **غیر رسمی نگہداشت** اکثر اہل خانہ، دوستوں یا پڑوسیوں کے ذریعہ فراہم کرائی جاتی ہے۔ غیر رسمی/قانونی طور پر مستثنی فراہم کنندگان کو سٹی آف نیو یارک سے مراعات یافتہ نگہداشت طفل کی ادائیگیاں پانے کے لیے ایک انرولمنٹ ایجنسی سے منظور شدہ ہونا ضروری ہے۔ فراہم کننده اس بچے کے والدین یا سرپرست یا اسی نقد اعانت پر نہیں ہو سکتے ہیں جس پر بچہ ہے۔ | |

**FYI:** لائسنس یافتہ یا منضبط نگہداشت دستیاب نگہداشت طفل سے زیادہ محفوظ اور مستحکم ہے۔

**اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، مدد یا مزید وقت کی ضرورت ہو تو اپنے کارکن سے رابطہ کریں**